بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پراسپیکٹس

## برائے سال 2026ء-2029ء


**رابطہ آفس جامعۃ :** جامعۃ المسلمین، کھوکھراپار نمبر 2½ گیلان آباد کراچی

رابطہ نمبر: 0317-7700832

**رابطہ آفس گلشن :** B-6 بیت الفرقان SB-12، بلاک 13-C گلشن اقبال مین یونیورسٹی روڈ کراچی

رابطہ نمبر: 0317-7700831

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ابتدائیہ

قوموں کی زندگی میں تعلیم کی حیرت انگیز انقلابی قوت واہمیت کسی شرح کی محتاج نہیں اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ کسی ملک وملت کا تعلیمی نظام اس ملک وملت کے نظام حیات کا عکس و پر تو ہوتا ہے۔ اگر ہم نظام زندگی کو صحیح اسلامی قدر کے مطابق قائم کرنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے ہمیں نظام تعلیم کو اسلامی نظریات کی روشنی میں از سر نو مرتب کرنا ہوگا۔

یہ ایک مسلّمہ حقیقت ہے کہ قوموں کے عروج و زوال میں نظام تعلیم و تربیت سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ وہی قومیں مائل بہ عروج ہوتی ہیں جن کا نظام تعلیم و تربیت ان اقوام کے نظریہ حیات کا مکمل پر تو ہوتا ہے اور وہ قومیں مائل بہ زوال ہوتی ہیں جن کا نظام تعلیم و تربیت غلامانہ ذہنیت کا حامل، ان کے نظریہ حیات کے خلاف اور دوسری قوموں کی کورانہ تقلید اور نقالی پر مبنی ہوتا ہے۔

اسلامی معاشرہ کے انحطاط نے جو نقصانات ہماری قوم کو پہنچائے ہیں ان کی فہرست بڑی طویل ہے لیکن یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ سب سے بڑا نقصان دینی اور دنیوی تعلیم کے مدارس کی علیحدگی سے پہنچا ہے۔ دینی تعلیم مدارس دینیہ میں اور دنیوی تعلیم اسکولوں اور کالجوں میں علیحدہ علیحدہ دی جارہی ہے۔ دینی مدارس کے طلباء دنیاوی علوم اور مسائل حاضرہ سے ناواقف رہتے ہیں۔ نہ جدید علوم و تحقیقات سے ان کو روشناس کرایا جاتا ہے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب یہ طبقہ ان دینی مدارس سے فارغ ہو کر نکلتا ہے تو جدید تعلیم یافتہ طبقہ میں ان کا کوئی مقام نہیں ہوتا۔ یہ طبقہ نہ تو دور حاضر کے مسائل حل کرنے میں کامیاب ثابت ہوتا ہے اور نہ ان اعتراضات کو رفع کر سکتا ہے جو آئے دن اسلام پر ہوتے رہتے ہیں اور اسکولوں کالجوں کے طلباء دینی علم سے نابلد اور اسلام سے دور ہو کر الحاد اور بے دینی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

ان تمام حقائق کو پیش نظر رکھتے ہوئے جماعت المسلمین نے اپنا تعلیمی منصوبہ مرتب کیا ہے، اس منصوبہ کا مختصر خاکہ یہ ہے کہ دینی علوم کے ساتھ دنیوی علوم کی تعلیم بھی دی جائے، تعلیم بہت ٹھوس اور معیاری ہو، اور ایسا تعلیمی نظام قائم ہو جو دینی اور دنیوی علوم کا حسین امتزاج ہو۔ طلباء کے مزاج کو خالص اسلامی سانچے میں ڈھالا جائے اور ان کے ذہنوں میں اسلام کی برتری کا ایسا سکہ بٹھایا جائے کہ جب وہ ایسے مدارس سے فارغ ہو کر نکلیں تو اسلام کی روشنی میں معاشرہ کی بہترین اصلاح کر سکیں اور صحیح معنی میں اسلام کی تبلیغ کا حق ادا کر سکیں اور جو طالبعلم اس مجوزہ تعلیمی نصاب کی تکمیل کے بعد مدرسہ سے نکلے تو وہ بہ یک وقت باعمل صحیح العقیدہ اور بالغ نظر عالم دین بھی ہو اور یونیورسٹی کی ڈگری کا حامل بھی۔ وہ خود اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کی قابلیت رکھتا ہو۔ کسی کا محتاج اور دست نگر نہ ہو تاکہ بے باکی کے ساتھ حق بیان کر سکے۔

الحمد للہ ۔ جماعت المسلمین برابر اس کوشش میں ہے کہ آئندہ آنے والی نسل کے ذہنوں کو موجودہ دور کے فتنوں سے محفوظ رکھ کر انہیں صحیح معنی میں مسلم بنائے اور نہ صرف مسلم بنائے بلکہ اس قابل بنائے کہ وہ ان فتنوں کا مردانہ وار مقابلہ اور ان کا مکمل استیصال کر سکے۔

مسعود احمد رحمۃ اللہ علیہ

مرکز جماعت المسلمین میں مسعود احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے تعلیمی منصوبہ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے دینی اور عصری علوم کے حسین امتزاج کے ساتھ جامعۃ المسلمین کا آغاز کیا جا چکا ہے۔

لہٰذا آپ سے امید کی جاتی ہے کہ آپ اپنے بچوں کو جو میٹرک یا انٹر پاس کر چکے ہوں جامعۃ المسلمین میں داخل کرائیں گے تاکہ وہ بیک وقت دینی و دنیاوی علوم حاصل کرتے ہوئے باعمل عالم اور یونیورسٹی کی ڈگری کے حامل بھی بن سکیں اور معاشرہ میں اعلیٰ مقام حاصل کر سکیں۔

## امتیازی خصوصیات

- اخلاقی تربیت اور سیرت نبوی ﷺ کے مطابق کردار سازی پر زور
- صلوۃ باجماعت اور صبح و شام کی دعاوں کا باقاعدہ اہتمام
- میٹرک کے بعد گریجویشن تک دینی و عصری تعلیم حاصل کرنے کے لئے ایک مثالی ادارہ
- ماہر اور تجربہ کار اساتذہ کی زیر نگرانی تعلیم و تربیت
- بہترین اور پرامن تعلیمی ماحول
- معیاری رہائش اور طعام کا اہتمام
- جسمانی صحت کے لئے جسمانی ورزش اور کھیل کا باقاعدہ اہتمام
- کھیل کود کے لئے وسیع و عریض میدان
- وقت کی پابندی اور نظم و ضبط کا خصوصی اہتمام
- ہر طالب علم کی انفرادی تربیت اور تعلیمی کارکردگی پر توجہ
- طبّی سہولیات کی فراہمی (طبی معائنے، فرسٹ ایڈ، قریبی ہسپتال سے رابطہ وغیرہ)

## داخلہ شیڈول برائے سال 2026-2029ء

| | | |
|---|---|---|
| داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ | بروز جمعرات | 28 مئی 2026ء |
| تحریری امتحان وانٹرویو | بروز اتوار | 21 جون 2026ء |
| فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ | بروز منگل | 23 جون 2026ء |
| آغاز کلاس انشاء اللہ العزیز | بروز ہفتہ | 27 جون 2026ء |

## گوشوارہ فیس

داخلہ فیس: 7000 روپے — عصری تعلیمی ٹیوشن فیس: 3000 روپے ماہانہ

انٹر میڈیٹ / گریجویشن کی کتب رجسٹریشن و امتحانی فیس تعلیمی بورڈ کی جانب سے متعین کردہ: بذمہ طالب علم

بنیادی کمپیوٹر کورسز — عربی و انگریزی بول چال

رہائش: مفت — طعام: مفت — یونیفارم: مفت

# جامعۃ المسلمین کا انتظامی ڈھانچہ

ADMINISTRATIVE STRUCTURE OF JAMIA TUL MUSLIMEEN

**مدیر اعلیٰ**
PRINCIPAL

سیّد زین العابدین امام جماعت المسلمین

**معاون مدیر اعلیٰ**
VICE PRINCIPAL

سیّد سلیمان / عبدالوحید

**معلمین**
TEACHERS

سیّد زین العابدین

(فارغ التحصیل مدرسہ اسلامیہ جماعت المسلمین 1993۔ ایم اے "معارف اسلامیہ" 2007 کراچی یونیورسٹی)

سیّد سلیمان

( ایم اے 1970، بی ایس سی 1960، پی پی ایس 1967 )

عبدالوحید

(فارغ التحصیل جامعۃ المسلمین۔ بی اے 2014 کراچی یونیورسٹی)

ڈاکٹر ابوبکر صدیق

(ایم بی بی ایس KMS میڈیکل کالج سیالکوٹ 2021، فارغ التحصیل مدرسۃ الاسلامیہ جماعت المسلمین)

محمد حنان الحجازی

(بی ایس سی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور 1998، ایم اے "عربی" 2001 اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور)

حافظ طاہر ایوب

(ایم اے "اسلامیات" 2003 جامعہ کراچی، بی ایڈ 2004 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد)

شیخ عبدالواجد

(بی اے 2009 کراچی یونیورسٹی)

**مدرّب الریاضہ**
PHYSICAL TRAINER

حبیب الرحمان

# تعلیمی نصاب (SYLLABUS)

دورانیہ (DURATION) چار سال (FOUR YEAR)

## السنۃ الاولیٰ

## FIRST YEAR

SEMESTER-I SEMESTER-II

| | مضامین | الفصل الاول | الفصل الثانی |
|---|---|---|---|
| ١۔ | قواعد اللغة العربية | قواعد النحو حصہ اول<br>قواعد الصرف حصہ اول | قواعد النحو حصہ دوم<br>قواعد الصرف حصہ دوم |
| ٢۔ | تجوید و تحفیظ القرآن | نورانی قاعدہ مع تجوید<br>پارہ نمبر 30 ( سورۃ لم یکن تا سورۃ الناس)<br>دعوات المسلمین حصہ اول ( نصف) | پارہ نمبر 30 (سورۃ النبا تا سورۃ القدر)<br>دعوات المسلمین حصہ اول (نصف تا آخر) |
| ٣۔ | تحفيظ الاحاديث المختارة | 1 تا 50 | 51 تا 100 |
| ٤۔ | اللغة الانجليزيه | اساسیہ | اساسیہ |
| ٥۔ | مراجعة الكتب الاسلامية | مجموعہ پمفلٹ (صفحہ 1 تا 378 ) | مجموعہ پمفلٹ (صفحہ 379 تا 773) |
| ٦۔ | معرفة الكمبيوتر | • **Introduction to Computers**<br>Learn about hardware, software, and how computers work.<br>• **Operating Systems Basics**<br>Navigate Windows/macOS for everyday use, including Islamic software installation.<br>• **Typing Skills and Arabic Keyboard**<br>Improve typing speed and accuracy, including Arabic typing for Islamic texts.<br>• **Introduction to Islamic Applications**<br>Explore Islamic apps like Quran Explorer, Hadith apps, and Zekr for digital Quran recitation. | • **Microsoft Word Basics**<br>Create and format documents, with exercises on Islamic assignments and research.<br>• **Microsoft Excel Basics**<br>Use Excel for simple data entry, such as compiling Islamic references or Quranic indexes.<br>• **PowerPoint Basics**<br>Design presentations, e.g., Islamic history or Quranic themes.<br>• **File Management**<br>Organize files and folders effectively, including managing Islamic study material |

# السنة الثانيه

## SECOND YEAR

SEMESTER-IV SEMESTER-III

| الفصل الرابع | الفصل الثالث | مضامين | |
|---|---|---|---|
| ترجمه وتفسیر (16 تا 30 پارے) | ترجمه وتفسیر (1 تا 15 پارے) | قرآن عزیز ترجمه و تفسیر | ١ـ |
| پارہ نمبر 29 (سورۃ الملك تا سورۃ نوح)<br>مسنون دعائیں (متفرق) | پارہ نمبر 29 (سورۃ جن تا سورۃ المرسلٰت)<br>مسنون دعائیں (متفرق) | تحفیظ القرآن | ٢ـ |
| 151 تا 200 | 101 تا 150 | تحفیظ الاحادیث المختارة | ٣ـ |
| تلاش حق، التحقیق بجواب التقلید | تاریخ مطوّل، ذهن پرستی | مراجعة الكتب الاسلامية | ٤ـ |
| نهائية | نهائية | اللغة الانجليزيه | ٥ـ |
| • **Graphic Design Basics** Create posters for Islamic events or Dawah campaigns using Canva.<br>• **Photo Editing Basics** Edit photos for presentations or social media, including Islamic calligraphy.<br>• **Audio Editing Basics** Edit Islamic lectures or Nasheeds using Audacity.<br>• **Video Editing Basics** Create and edit short videos, such as Quranic recitations or Dawah content.<br>• **Islamic Multimedia Project** Create a video or presentation combining learned multimedia skills on an Islamic topic. | • **Introduction to the Internet** Learn about browsers, search engines, and online Islamic libraries.<br>• **Email Basics** Create and manage professional emails, with examples of Islamic discussions or Dawah outreach.<br>• **Online Research Skills** Use search engines effectively for Islamic studies, referencing Tafsir, Hadith, and Fiqh sources.<br>• **Islamic Online Resources** Explore websites like Al-Islam.org, Sunnah.com, and Quran.com for Islamic learning. | معرفة الكمبيوتر | ٦ـ |

# السنة الثالثة

## THIRD YEAR

SEMESTER-VI SEMESTER-V

| | مضامین | الفصل الخامس | الفصل السادس |
|---|---|---|---|
| ۱ـ | صحیح بخاری ترجمہ مع شرح | اصول حدیث، صحیح بخاری (نصف) | صحیح بخاری (نصف تا آخر) |
| ۲ـ | تحفیظ القرآن | پارہ نمبر 28 (سورۃ المجادلہ تا سورۃ الممتحنہ) | پارہ نمبر 28 (سورۃ الصف تا سورۃ التحریم) |
| ۳ـ | تحفیظ الاحادیث المختارۃ | 201 تا 250 | 251 تا 300 |
| ٤ـ | مراجعہ الکتب الاسلامیۃ | منہاج المسلمین (نصف) | منہاج المسلمین (نصف تا آخر) |
| ٥ـ | مناقشات علی موضوعات متفرقہ | | |
| ٦ـ | اللغۃ العربیۃ | اساسیہ | اساسیہ |
| ٧ـ | معرفۃ الکمبیوتر | • **Google Workspace Basics**<br>Use Google Docs, Sheets, and Drive for collaborative projects, such as Islamic group studies.<br>• **Online Collaboration Tools**<br>Use Zoom, Google Meet, and other tools for online Islamic study groups.<br>• **Digital Calendars and Time Management**<br>Plan daily schedules using Google Calendar, including Islamic prayer times and activities.<br>• **Exploring E-Learning Platforms**<br>Learn Islamic courses on Coursera, Edraak, and Bayyinah TV. | • **Introduction to Freelancing Platforms**<br>Navigate Fiverr, Upwork, and Freelancer, with a focus on content writing and Islamic-themed services.<br>• **Professional Communication**<br>Write emails and proposals, with examples of Islamic event management.<br>• **Negotiation and Client Management**<br>Practice handling clients professionally, with ethical Islamic guidelines.<br>• **Time Management for Freelancers**<br>Learn to balance freelance work with daily obligations, including Islamic practices. |

# السنة الرابعة

## FOURTH YEAR

SEMESTER-VIII | SEMESTER-VII

| الفصل الثامن | الفصل السابع | مضامین | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم (نصف تا آخر) | صحیح مسلم (نصف) | صحیح مسلم ترجمہ مع شرح | ١۔ |
| پارہ نمبر27 ( سورۃ ق تا سورہ القمر) | پارہ نمبر27 (سورۃ الرحمٰن تا سورۃ الحدید) | تحفیظ القرآن | ٢۔ |
| 351 تا 400 | 301 تا 350 | تحفیظ الاحادیث المختارۃ | ٣۔ |
| | | احادیث علی موضوعات متفرقه | ٤۔ |
| تفہیم الاسلام | برہان المسلمین | مراجعة الکتب الاسلامیة | ٥۔ |
| نہائیة | نہائیة | اللغة العربیة | ٦۔ |
| | | مقارنة الادیان مع الاسلام | ٧۔ |
| • **Final Freelancing Project** Complete a freelancing project from start to finish, e.g., creating a short Islamic educational course.<br>• **Islamic Content Creation** Use skills to create Islamic websites, blogs, or YouTube channels.<br>• **Career Planning** Develop a career strategy, including networking on platforms like LinkedIn.<br>• **Professional Ethics** Learn how to maintain Islamic values in freelancing and online work. | • **Introduction to LMS Tools** Learn to create online courses using platforms like Teachable or Thinkific for Islamic education.<br>• **Technical Writing Basics** Write Islamic blogs, research articles, or eBooks using online tools.<br>• **Advanced Media Editing** Create high-quality Islamic lecture videos or educational series.<br>• **Portfolio Development and Marketing** Build an online portfolio showcasing Islamic content projects and selling it online. | معرفة الکمبیوتر | ٨۔ |

# امیدوار کے لئے لازمی شرائط

- ❖ طالب علم مسلم اور اچھی سیرت و کردار کا حامل ہو۔
- ❖ طالب علم میٹرک, انٹر یا اس کے مساوی تعلیم یافتہ/سند یافتہ ہو۔(شعبہ علوم اسلامیہ کے لئے)
- ❖ طالب علم کی میٹرک/انٹر کی سند کسی منظور شدہ ادارے کی ہو۔(شعبہ علوم اسلامیہ کے لئے)
- ❖ طبّی لحاظ سے صحت مند و تندرست ہو۔
- ❖ شعبہ علوم اسلامیہ کے امیدوار کی عمر 20 سال سے زیادہ نہ ہو مخصوص حالات میں عمر کی حد میں مدیر اعلیٰ رعایت دے سکتے ہیں۔
- ❖ شعبہ حفظ میں داخلے کے لئے عمر کی حد کم سے کم 8 سال اور زیادہ سے زیادہ 11 سال ہے۔
- ❖ قرآن عزیز ناظرہ مکمل پڑھا ہوا ہو۔

# امیدوار کے لئے ہدایات

- ❖ طالب علم یا سرپرست بذات خود درخواست پیش کریں۔
- ❖ امیدوار انٹرویو کے وقت اصل دستاویز بھی ساتھ لائے۔
- ❖ تعلیم کے لئے لازماً مکمل طور پر اپنے آپ کو فارغ رکھے۔طالب علم کو رہائش جامعہ کے ہاسٹل میں رکھنی ہوگی۔
- ❖ طالب علم کو موبائل لیپ ٹاپ یا کوئی بھی کمیونیکیشن آلات رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- ❖ طالب علم نماز باجماعت کا پابند ہوگا۔
- ❖ طالب علم سیاسی و منفی سرگرمیوں سے دور رہے گا اور مطالعہ میں زیادہ وقت صرف کرے گا۔
- ❖ جامعہ کے قواعد و ضوابط کی پابندی کا عہد کرے گا۔

یاد رہے کہ

- ✓ ہر طالب علم کو داخلے کے لئے تحریری امتحان اور انٹرویو میں کامیاب ہونا ضروری ہے۔
- ✓ ان شاء اللہ محدود نشستوں پر طلباء کو میرٹ کی بنیاد پر داخلہ دیا جائے گا۔

جامعہ ایک تعلیمی اور دعوتی ادارہ ہے۔اس کا مقصد باعمل عالم اور گریجویٹ تیار کرنا,علمی تحقیقی تالیفات کی تیاری اور اسلامی میراث کی بقاء کے لئے جدو جہد کرنا ہے۔

## داخلہ فارم کے ساتھ مطلوب دستاویز

| | |
|---|---|
| ۱۔ میٹرک انٹر کی تعلیمی سند کی نقل معہ مارک شیٹ | ۲۔ شناختی کارڈ/"ب" فارم کی نقل |
| ۳۔ والد/سرپرست کے شناختی کارڈ کی نقل | ۴۔ امیر شاخ/حلقہ ناظم کا تصدیق نامہ |

۵ ۔ تبدیلی بورڈ NOC / MIGRATION CERTIFICATE برائے داخلہ (کراچی سے باہر کے طلباء کے لئے)

٦۔ اقـــرار نامــہ

بسم الله الرحمن الرحيم

**JAMIATUL MUSLIMEEN**

**MALIR , KARACHI**
**PAKISTAN**

**جامعة المسلمين**
**ملير ، كراتشى**
**باكستان**

# استمارة القبول والتسجيل
## ADMISSION FORM

Student's Name : ........................................ اسم الطالب :

Student's CNIC : ☐☐☐☐☐ ☐☐☐☐☐☐☐ ☐ رقم بطاقةالهوية:

Date of Birth : .................... تاريخ الميلاد: Place of Birth : .................... مكان الولادة:

Guardian Name : ........................................ اسم ولى أمر الطالب:

Guardian's CNIC : ☐☐☐☐☐ ☐☐☐☐☐☐☐ ☐ رقم بطاقةالهوية:

Present Address : ........................................ العنوان الحالى:

Telephone : .................... Mobile : .................... Email : ....................
هاتف جوّال بريدالكترونى

Permanent Address : ........................................ العنوان الدائم:

**For Office Use** **للمكتب فقط**

علامات مقابلة: ....................

مسجل / مرفوض ....................

رقم التسجيل ....................

تاريخ التسجيل ....................

سُجّل فى الصف ....................

.................... توقيع المسؤول

.................... توقيع المدير

.................... توقيع المديرالاعلى

| | | | |
|---|---|---|---|
| تفاصيل الاكاديمى Academic's Qualification | ☐ الأول الثانوى Matriculation | | ☐ الثانى/الثالث الثانوى Intermediate |
| تلاوة القرآن الكريم: Recitation of Holy Quraan | ☐ جيد Good | ☐ جيد جداً Very Good | ☐ ممتاز Excellent |
| تحفيظ القرآن الكريم: Memorizing of Holy Quran | ☐ كامل Complete | | ☐ بعض السور Parts |
| تحدث اللغة العربية: Speaking Arabic Language | ☐ جيد Good | ☐ جيد جداً Very Good | ☐ ممتاز Excellent |
| تحدث اللغة الانجليزية: Speaking English Language | ☐ جيد Good | ☐ جيد جداً Very Good | ☐ ممتاز Excellent |

مهارات اخرىٰ: Other Skills ....................

- أ قر بأن جميع المعلومات و التفاصيل الواردة اعلاه صحيحة حسب معرفتى .
  I declare that all the information & details given above are according to my knowledge is correct.

- أ قر بأن الطالب سوف يكمل ٤ سنوات بالجامعة ويلتزم بأنظمة ولوائح الجامعة .
  I also declare that the student whose name is given above shall abide by rules & regulation of the University.

.................... Student's Signature توقيع الطالب .................... Parent's Signature توقيع ولى امر الطالب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اقرار نامہ

میں مسمی ________________ ولد ________________

ساکن ________________________________

اقرار کرتا ہوں کہ ان شاء اللہ العزیز میں مندرجہ ذیل شرائط کی پابندی کروں گا:

- جامعۃ المسلمین کے قواعد وضوابط کی پابندی کروں گا۔
- تعلیم کے لئے خود کو بالکل فارغ رکھوں گا۔
- اپنی رہائش جامعۃ المسلمین کے ہاسٹل میں رکھوں گا۔
- موبائل، لیپ ٹاپ یا کوئی بھی کمیونیکیشن آلہ اپنے پاس نہ رکھوں گا۔
- پڑھائی کو لازماً مکمل کروں گا اور انتہائی دلجمعی کے ساتھ اپنی تعلیم جاری رکھوں گا۔
- پڑھائی مکمل کرنے کے بعد ایک سال رضاکارانہ طور پر دین اسلام کیلئے وقف کروں گا۔
- میں خود کو تمام سیاسی و منفی سرگرمیوں سے دور رکھوں گا اور زیادہ تر وقت پڑھائی میں صرف کروں گا۔

تاریخ ________________

دستخط طالب علم ________________

رول نمبر ________________

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تصدیق نامہ

میں امیر شاخ / حلقہ ناظم ______________ مسمی ______________________

ولدیت ______________ ساکن مکان ______________________

______________________________________________

اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ طالب علم امیدوار بنام ______________________

ولدیت ______________ میرے علم کے مطابق نمازوں کے اہتمام و آداب اسلامی کا پابند ہے۔ عصری تعلیمی

اخراجات باقاعدگی کے ساتھ ادا کرے گا اور جامعہ کا تعلیمی سیشن 2026-2029 مکمل کرے گا۔ ان شاء اللہ العزیز

نیز ایک سال مزید رضاکارانہ طور پر دین اسلام کیلئے وقف کرے گا۔

میں سفارش کرتا ہوں کہ موصوف کو جامعۃ المسلمین میں داخلہ دیا جانا چاہیے۔

دستخط ______________

امیر شاخ / حلقہ ناظم ______________

دستخط سرپرست ______________

تبصرہ ______________________________________

______________________________________________

______________________________________________

دستخط صوبائی امیر ______________